مدیراعلیٰ : آغا بشیر

نگران اعلیٰ : میاں بشیر احمد صدیقی

ملنے کا پتہ : دفتر " الاصلاح " ۱۸-بی شاہ عالم مارکیٹ - لاہور

ہفت روزہ " الاصلاح " لاہور خاکسار تحریک کا آرگن ہے - زیر تبصرہ شمارہ خاص شمارہ ہے جس کی قیمت ایک روپیہ ہے - عام پرچے کی قیمت پچاس پیسے ہے -

یہ شمارہ کس بنا پر یا کس موضوع پر خصوصی شمارہ ہے ، یہ معلوم نہیں ہو سکا - البتہ اداریہ کے عنوان ——— ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا ، ——— اور اس کے پہلے فقرہ " خاکسار تحریک نے انتہائی غور و فکر کرنے کے بعد ملکی معاملات میں بھرپور حصہ لینے کا عزم صمیم کیا ہے " سے اندازہ ہوتا ہے - خاکسار تحریک کے عزم نو کے سلسلہ میں تحریک کا تعارف ذرا وسیع پیمانے پر کرایا گیا ہے - یہی وجہ ہے کہ سارے کے سارے مضامین (سوائے دو ایک کے) اسی سے وابستہ ہیں -

خاکسار تحریک سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے تحریکی معلومات حاصل کرنے کے لئے اس پرچے کا مطالعہ کرنا چاہیئے -